# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 2nd September, 2024 at 5.00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

**QUESTIONS**

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**3.** **SYED NAVEED QAMAR** **MIR GHULAM ALI TALPUR**
**SYED HUSSAIN TARIQ** **NAWAB MUHAMMAD YOUSUF TALPUR**
**SYED KHURSHEED AHMED SHAH** to invite attention of the Minister for Water Resources to a matter of urgent public importance regarding the news in the media of 4.8 million acres of land being given for corporate farming resulting in diversion of water, causing grave concern amongst the public.

**INTRODUCTION OF BILL**

**4.** **KHAWAJA MUHAMMAD ASIF,** Minister for Defence to introduce a Bill further to amend the Pakistan Navy Ordinance, 1961 [The Pakistan Navy (Amendment) Bill, 2024].

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**5.** **SENATOR MOHAMMAD ISHAQ DAR,** Minister for Foreign Affairs to move that the Bill to give effect to the convention on abolishing the requirement of legalization for the foreign public documents [The Apostille Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**6.** **SENATOR MOHAMMAD ISHAQ DAR,** Minister for Foreign Affairs to move that the Bill to give effect to the convention on abolishing the requirement of legalization for the foreign public documents [The Apostille Bill, 2024], be passed.

**7.** **KHAWAJA MUHAMMAD ASIF,** Minister for Defence to move that the Bill to regulate the cultivation of cannabis plant, extraction, refining, manufacturing and sale of derivatives of the plant for medicinal and industrial use [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**8.** **KHAWAJA MUHAMMAD ASIF,** Minister for Defence to move that the Bill to regulate the cultivation of cannabis plant, extraction, refining, manufacturing and sale of derivatives of the plant for medicinal and industrial use [The Cannabis Control and Regulatory Authority Bill, 2024], be passed.

**9.** **MS. SHAZA FATIMA KHAWAJA,** Minister of State for Information Technology and Telecommunication to move that the Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 and the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**10.** **MS. SHAZA FATIMA KHAWAJA,** Minister of State for Information Technology and Telecommunication to move that the Bill further to amend the Pakistan Telecommunication (Re-organization) Act, 1996 and the Prevention of Electronic Crimes Act, 2016 [The Establishment of Telecommunication Appellate Tribunal Bill, 2024], be passed.

**11.** **MR. ABDUL ALEEM KHAN,** Minister for Privatization to move that the Bill further to amend the Privatization Commission Ordinance, 2000 [The Privatization Commission (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**12.** **MR. ABDUL ALEEM KHAN,** Minister for Privatization to move that the Bill further to amend the Privatization Commission Ordinance, 2000 [The Privatization Commission (Amendment) Bill, 2024], be passed.

**PAPERS TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY:**

**13.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to lay before National Assembly APPROPRIATION Accounts of the Government of Pakistan for the Financial Year 2022-23 and Audit Reports of the Auditor-General of Pakistan relating to the Accounts of the Federation for the Audit Year 2023-24, as required under Article 171 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan.

**14.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to lay before National Assembly the Annual Report of the Board of Directors of State Bank of Pakistan on the state of Economy for the year, 2022-23, under sub-section (2) of section 9A of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

**15.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to lay before National Assembly the Governor's Annual Report of Financial Year 2022-23, under sub-section (1) of section 39 of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

**16.** **SENATOR MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue to lay before National Assembly the Half Year Report of the Board of Directors of the State Bank of Pakistan on the state of Economy for the year 2023-24, under sub-section (2) of section 39 of the State Bank of Pakistan Act, 1956.

**17.** **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Human Rights to lay before National Assembly the Annual Report of the National Commission on the Rights of Child for the year 2023-24, as required under sub-section (1) of section 17 of the National Commission on the Rights of Child Act, 2017.

**MOTION OF THANKS**

**18.** **Further discussion** on the following motion moved by **SENATOR AZAM NAZEER TARAR,** Minister for Law and Justice and Parliamentary Affairs on 24th April, 2024:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 18th April, 2024."

**MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER**

**19.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**20.** **MR. MUHAMMAD ASLAM GHUMMAN** to invite attention of the Minister for Overseas Pakistanis and Human Resource Development to a matter of urgent public importance regarding people travelling abroad through agents/mafia and start involving in begging related activities in overseas especially in Gulf countries resulting a bad name/defaming Pakistan, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**1st September, 2024**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۲/ستمبر، ۲۰۲۴ء کو شام پانچ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **سید نوید قمر** **میر غلام علی تالپور** **سید حسین طارق** **نواب محمد یوسف تالپور** **سید خورشید احمد شاہ** وزیر برائے آبی وسائل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو کارپوریٹ فارمنگ کے لئے دی جانے والی 4.8 ملین ایکڑ اراضی کی میڈیا میں چلنے والی خبروں سے متعلق ہے جس کے نتیجے میں آبی بہاؤ میں تبدیلی واقع ہو گی۔

### بل کا پیش کرنا

۴۔ **خواجہ محمد آصف**، وزیر برائے دفاع پاکستان نیوی آرڈیننس، ۱۹۶۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [پاکستان نیوی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] پیش کریں گے۔

### قانون سازی

۵۔ **سینیٹر محمد اسحاق ڈار**، وزیر برائے خارجہ امور تحریک پیش کریں گے کہ غیر ملکی سرکاری دستاویزات کے قانونی جواز کے خاتمے پر کنونشن کو مؤثر بنانے کا بل [تحشیہ بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۶۔ **سینیٹر محمد اسحاق ڈار**، وزیر برائے خارجہ امور تحریک پیش کریں گے کہ غیر ملکی سرکاری دستاویزات کے قانونی جواز کے خاتمے پر کنونشن کو مؤثر بنانے کا بل [تحشیہ بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۷۔ **خواجہ محمد آصف**، وزیر برائے دفاع تحریک پیش کریں گے کہ بھنگ کے پودے کی کاشت، استخراج، خالص بنانے، تیار کرنے اور پودے کے ماخوذ کی طبّی اور صنعتی استعمال کے لیے فروخت کے انضباط کا بل [بھنگ کے کنٹرول اور انضباطی اتھارٹی کا بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۸۔ **خواجہ محمد آصف**، وزیر برائے دفاع تحریک پیش کریں گے کہ بھنگ کے پودے کی کاشت، استخراج، خالص بنانے، تیار کرنے اور پودے کے ماخوذ کی طبّی اور صنعتی استعمال کے لیے فروخت کے انضباط کا بل [بھنگ کے کنٹرول اور انضباطی اتھارٹی کا بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۹۔ **محترمہ شزہ فاطمہ خواجہ**، وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء اور الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربیونل کے قیام کا بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۰۔ **محترمہ شزہ فاطمہ خواجہ**، وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات تحریک پیش کریں گی کہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن (تنظیم نو) ایکٹ، ۱۹۹۶ء اور الیکٹرانک جرائم کی روک تھام ایکٹ، ۲۰۱۶ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [ٹیلی کمیونیکیشن اپیلیٹ ٹربیونل کے قیام کا بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۱۱۔ **جناب عبدالعلیم خان،** وزیر برائے نجکاری تحریک پیش کریں گے کہ نجکاری کمیشن آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نجکاری کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۲۔ **جناب عبدالعلیم خان،** وزیر برائے نجکاری تحریک پیش کریں گے کہ نجکاری کمیشن آرڈیننس، ۲۰۰۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [نجکاری کمیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۱۳۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب،** وزیر برائے خزانہ و محاصل اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۱۷۱ کی مقتضیات کے مطابق حکومت پاکستان کی تخصیصات حسابات برائے مالی سال ۲۳-۲۰۲۲ء اور وفاق کے حسابات سے متعلق آڈیٹر جنرل پاکستان کی آڈٹ رپورٹیں برائے آڈٹ سال ۲۴-۲۰۲۳ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۱۴۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب،** وزیر برائے خزانہ و محاصل بینک دولت پاکستان ایکٹ، ۱۹۵۶ء کی دفعہ ۹/الف کی ذیلی دفعہ (۲) کے تحت معیشت کی کیفیت کے بارے میں بینک دولت پاکستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سالانہ رپورٹ برائے سال ۲۳-۲۰۲۲ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۱۵۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب،** وزیر برائے خزانہ و محاصل بینک دولت پاکستان ایکٹ، ۱۹۵۶ء کی دفعہ ۳۹ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت گورنر کی سالانہ رپورٹ برائے مالی سال ۲۳-۲۰۲۲ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۱۶۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب،** وزیر برائے خزانہ و محاصل بینک دولت پاکستان ایکٹ، ۱۹۵۶ء کی دفعہ ۳۹ کی ذیلی دفعہ (۲) کے تحت مطابق معیشت کی کیفیت کے بارے میں بینک دولت پاکستان کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ششماہی رپورٹ برائے سال ۲۴-۲۰۲۳ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۱۷۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ،** وزیر برائے انسانی حقوق قومی کمیشن برائے حقوق بچگان ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۷ کی ذیلی دفعہ (۱) کی مقتضیات کے مطابق قومی کمیشن برائے حقوق بچگان کی سالانہ رپورٹ برائے سال ۲۴-۲۰۲۳ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## تحریک تشکر

۱۸۔ **سینیٹر اعظم نذیر تارڑ،** وزیر برائے قانون و انصاف اور پارلیمانی امور کی جانب سے ۲۴ اپریل، ۲۰۲۴ء کو پیش کردہ درج ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۸/اپریل، ۲۰۲۴ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۹۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۰۔ **جناب محمد اسلم گھمن** وزیر برائے سمندر پار پاکستانی و ترقی انسانی وسائل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ایسے لوگوں سے متعلق ہے جو ایجنٹوں/مافیا کے ذریعے بیرون ملک کا سفر کرتے ہیں اور بیرون ممالک بالخصوص خلیجی ممالک میں گداگری ایسی سرگرمیوں میں ملوث ہو کر پاکستان کے لئے بدنامی/رسوائی کا باعث ہیں۔

**اسلام آباد،**
**یکم ستمبر، ۲۰۲۴ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**